باسو چترا مندر لمیٹڈ کا تیار کردہ

[illegible]

ستارے
اشوک کمار، جمنا کماری
رینکا وغیرہ

قیمت ۱

ترن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

گگانے

بندش کے

گانا نمبر ۱

لے لو جی غبارے ہمارے پیارے پیارے
یہ دھرتی کے پھول ہیں گگن کے تارے
تلنگوں کے یہ دو لیپے خوشی سے ہیں پھولے
یہ بن کے بگولے ہواؤں میں جھولے
یہ ہیں یوں یا لولے جو دیکھے نہ بھولے
یہ فانوس رنگین یہ اڑتے شرارے

لے لو جی......

او میرے ننھے راجہ ان کو لینا مت بھول
ان کی پیٹھ پہ بیٹھے تو لیجائیں تجھے اسکول
ربڑ کے یہ بچے یہ جیبوں کے بچے
تیرے یار سچے نہ دیویں یہ کچے
یہ انسان سے اچھے ہیں تھوڑے سے بچے
کریں یہ اشارے کہ ہم ہیں تمہارے

لے لو جی......

پریم بھرا اک خط باندھو لکھ ساجن کے نام
رب سے اونچی گھر کی یہ پہنچانا ان کا کام
یہ جائیں بچھڑی چوری کہیں گوری گوری
او چندا سی چھوری او تاروں کی بوری
بلاتا ہے کستوری چلی آ چوری چوری

یہ کمٹر کی کے نیچے تمہیں کیا پکارے
لے لو جی......
ایک آنے میں دو دے لے ارے اپنا ہاتھ نہ روک
ان کے ساتھ بھٹک جائے تو پہنچے تو پرلوک
یہ دنیا ہے فانی یہ پیسہ ہے پانی
ارے بھاگ گیا نی ۔ کیا آنا کانی
ہمیں نہار گانی گگن یہ پانی
بچائیں گے تم کو کرم ہی تمہارے
لے لو جی......
بیچوں تمہارے دوارے
کھاؤں میں سوکھی روٹی
کالے دھندے کیوں میں کروں
مجھے کافی ہے ایک لنگوٹی
وطن کے جو بندے کریں کالے دھندے
کرم اُن کے گندے کریں حال مندے
یہ کھا جائیں جیندے بڑے انکے پھندے
وہ جائیں گے پل کے جہنم میں مارے
لے لو جی......

گانا نمبر ۲

رات سہانی او بلند یارانی
سپنے کی آنکھوں میں تو چوری چوری آجا
مدھر سُروں میں گا کے چاند ستارے لا کے

نینوں میں سپنوں کی دنیا سجا کے
چوری چوری...
پلکوں کے جھولے میں تو آ کے جھولے
ہو جائے منا میرا سب کچھ بھولے
ایسا رسیلا کوئی گیت سنا جا
چوری چوری آ جا
آ جا لگا دے آ کے سپنوں کے میلے
منا ہمارا جہاں پریوں سے کھیلے
ایسی رنگیلی کوئی دنیا بسا دے
چوری چوری آ جا

گانا نمبر ۳

مورے اپنا بنا لو سجن مورے اپنا بنا لو
یہ ننھے سے نازک من کو دیکھو بتیاں نہ بنا لو
سنبھلے نہ آج جیا جانے کیوں میرا جیا
گر گر میں جاؤں ہائے تو نے کیا جادو کیا
ذرا آ کے سنبھالو ہمیں ذرا آ کے سنبھالو
مورے اپنا بنا لو......
باہنوں میں تیری پیا جھولا میں جھولوں
تو مجھ کو بھولے نہ میں تجھ کو بھولوں
یہ قسم آج کھا لو سجن یہ قسم آج کھا لو
مورے اپنا بنا لو...

گانا نمبر ۴

جھومتی جوانی ہے رُت مستانی ہے
متوا کیسے پکار کے آؤ دیکھیں مزے بہار کے
پی پی پپیہا جو بولے ہے بن میں
عشق نے کیسی لگے آگ من میں
ہے کیا مزہ اس میٹھی ملن میں
دیکھو کسی سے دل ہار کے
آؤ دیکھیں مزے...
ساون کے دن کالی گھٹائیں
من میں اُمنگوں کے میلے لگائیں
ٹھنڈی ہوائیں بھی دل کو جلائیں
کیسے رہیں جی من کے مارے
آؤ دیکھیں مزے...

گانا نمبر ۵

تمہاری یاد میں او میرے بالما او میرے ساجنا
دل میرا ہائے بیقرار ہے۔ دل میرا ہائے بیقرار ہے
تو ہی بتا دے میرے صنم
کیسے سہوں میں دُنیا کے غم
آجا میرا دل تجھ کو پکارے آنکھیں کو انتظار ہے
دل میرا بیقرار...
ملتا نہیں جب تیرا نشان قسمت کے مارے جائیں کہاں
آکے مجھے تو دے جا سہارے التجا بار بار ہے
دل بیقرار ہے...

گانا نمبر ٦

پیارے بھیا بھیا ہو

یہ دنیا اک ساگر ہے۔ یہ جیون ہے اک نیا
طوفانوں سے گذرتا ہے۔ جب تیرا رام رکھیّا
پیارے...

اک بہار آئے اک جائے کبھی رکے نہ پانی
رکنا موت کا نام جگت میں چلنا زندگانی
جب تک سانس ہے تیرے تن میں چلتا جارے بھیّا
پیارے...

یگ دو یگ اک ساتھ چلیں پھر بچھڑ جائیں سب ساتھی
آخر اپنی ہمت ہی بس اپنے ساتھ رہ جاتی
دو بازو پتوار بنا کر بڑھتا جارے کھیّویا
پیارے...

ختم شد

صنعت و حرفت کے خفیہ راز

مصنف نے اس کتاب میں ایسی معلومات کا خزانہ جمع کر دیا ہے۔ یورپ۔ امریکہ۔ جاپان کی بڑی بڑی تجارتی کمپنیوں کے فارمولے سینکڑوں اشیا بنانے کے نسخے۔ صابن۔ تیل۔ کریم۔ پاؤڈر اور روزمرہ زندگی میں تمام استعمال کی سینکڑوں چیزوں کو بنانے اور تیار کرنے کے طریقے درج ہیں۔ گویا تجارت کے متعلق ایک جامع اور مکمل کتاب ہے۔

قیمت صرف ۱۰۔۱۔3 محصولڈاک معاف

تمباکو کے مرکبات یعنی تمباکو کی دکان

تمباکو کی اشیا بنا کر لوگوں نے ہزاروں روپیہ کما لیا ہے۔ اور اب بھی کما رہے ہیں۔ ہماری اس کتاب میں طرح طرح کے حقہ تمباکو۔ بیڑی۔ سگریٹ۔ سگار۔ زردہ۔ نسوار۔ مصالحہ دار خوردنی تمباکو وغیرہ بنانے کے پوشیدہ راز اور ترکیبیں و طریقے درج ہیں۔

قیمت صرف ۱۔۱۴۔2 محصولڈاک معاف

رہنمائے صابن سازی

ہر قسم کے صابن مثلاً نہانے دھونے کے گھٹیا بڑھیا۔ خوشبودار وغیرہ بنانے کا آسان طریقہ اس کے اندر آپ کو ملے گا۔

قیمت صرف ۱۔۸ محصولڈاک معاف

ملنے کا پتہ:۔ رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی